# منصوبہ نجات کا آسمانی ڈھانچہ



17
امیزنگ فیکٹس
اسٹڈی گائیڈ



آپ شاید جانتے ہوں گے کہ کوہ سینا کی چوٹی پر، خُدا نے موسیٰ کو دس احکام دیئے تھے۔ لیکن کیا آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ اسی وقت، خُداوند نے موسیٰ کو اَب تک کی سب سے پُراسرار تعمیرات میں سے ایک کا نقشہ بھی دِیا؟ اِسے مقدِس کہتے ہیں، ایک منفرد ہیکل جو اُس کے لوگوں کے درمیان خُدا کی سکونت گاہ کی نمائندگی کرتی تھی۔ اِس کے مجموعی ڈیزائن اور خدمات نے آزاد کردہ غلاموں کی اُس قوم کو نجات کے منصوبے کا تین نکاتی منظر نامہ دکھایا۔ مقدِس کے رازوں کا بغور جائزہ آپ کی تفہیم و تعلیم میں مضبوطی اور اضافہ کرے گا کہ یسُوع کس طرح کھوئے ہوئے لوگوں کو بچاتا ہے اور کلیسیاء کی قیادت کرتا ہے۔ مقدِس کئی حیرت انگیز پیشینگوئیوں کو سمجھنے کی ایک کلید بھی ہے۔ ایک دلچسپ مہم جوئی آپ کا انتظار کر رہی ہے کیونکہ یہ مطالعاتی گائیڈ مقدس اور اُس کے پوشیدہ معنی افشاں کرتی ہے!

## 1 خُدا نے موسیٰ کو کس چیز کی تعمیر کا حکم دِیا؟

"اور وہ میرے لئے ایک مقدِس بنائیں تا کہ میں اُن کے درمیان سکُونت کرُوں" (خروج 8:25)۔

**جواب:** خُداوند نے موسیٰ سے کہا کہ ایک مقدِس بنائیں - ایک خاص عمارت جو آسمان کے خُدا کے رہنے کی جگہ کے طور پر کام کرے گی۔

### مقدِس کی مختصر تفصیل

پناہ گاہ ایک خوبصورت، خیمے کی قسم کا ڈھانچہ تھا (15 فٹ x 45 فٹ - 18 انچ کیوبٹ پر مبنی) جس میں خُدا کی موجودگی ہوتی تھی اور خصوصی خدمات انجام دی جاتی تھیں۔ یہ دیواریں سیدھی لکڑی کے تختوں سے بنی تھیں جو چاندی کے خانوں میں لگی ہوئی تھیں اور سونے سے ڈھکی ہوئی تھیں۔ (خروج 26:15-19، 29). چھت کو چار غلافوں سے ڈھانکا گیا تھا: جو کتان، بکری کے بال، مینڈھے کی کھال، اور تخس کی خال سے بنے ہوئے تھے (خروج 26:1، 7-14)۔ اس کے دو کمرے تھے: پاک مکان اور پاک ترین مکان۔ جس کو ایک موٹا، بھاری چادر (پردہ) کمرے کو الگ کرتا تھا۔ صحن یعنی مقدِس کے گردونواح کا علاقہ 75 فٹ x 150 ڈیڑھ فٹ (خروج 27:18) تھا۔ اُسے پیتل کے 60 ستونوں (خروج 27:9-16) کی مدد سے باریک کتان یعنی سوتی کپڑے سے باندھا گیا تھا۔

Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright ©2011, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved

## 2 خُدا نے اپنے لوگوں سے مقدِس کے حوالے سے کیا سیکھنے کی توقع کی؟

"اَے خُدا! تیری راہ مقدِس میں ہے۔ کَون سا دیوتا خُدا کی مانِند بڑا ہے؟" (زبور 77:13)۔




**جواب:** خُدا کی راہ، نِجات کا منصوبہ، زمینی مقدِس میں ظاہر ہوتا ہے۔ بائبل مقدّس سکھاتی ہے کہ خیمہ گاہ میں موجود ہر چیز—— رہائش، فرنیچر اور خدمات—— اِس چیز کی علامتیں ہیں جو یسُوع نے ہمیں بچانے کے لیے سرانجام دیں۔ اِس کا مطلب ہے کہ ہم نجات کے منصوبے کو مکمل طور پر سمجھ سکتے ہیں کیونکہ ہم مقدِس کے ساتھ جڑی علامتیں کو پوری طرح سمجھتے ہیں۔ تاہم اِس مختصر اکتابچے میں مبالغہ آمیزی کرنا دشوار ہے۔

## 3 موسیٰ نے مقدِس کا نقشہ کس ذرائع سے حاصل کیا؟ یہ عمارت کس چیز کی نقل تھی؟

"اَب جو باتیں ہم کہہ رہے ہیں اُن میں سے بڑی بات یہ ہے کہ ہمارا اَیسا سردار کاہِن ہے جو آسمانوں پر کبریا کے تخت کی دہنی طرف جا بَیٹھا۔ اور مقدِس اور اُس حقیقی خیمہ کا خادِم ہے جِسے خُداوند نے کھڑا کِیا ہے نہ کہ اِنسان نے... اور اِس لئے کہ شرِیعت کے موافِق نذر گُذراننے والے کاہن موجُود ہیں۔ جو آسمانی چِیزوں کی نقل اور عکس کی خِدمت کرتے ہیں چُنانچہ جب موسیٰ خَیمہ بنانے کو تھا، تو اُسے یہ ہدایت ہُوئی کہ دیکھ! جو نمونہ تجھے پہاڑ پر دِکھایا گیا تھا اُسی کے مطابِق سب چِیزیں بنانا" (عبرانیوں 8:1، 2، 4، 5)۔

**جواب:** خُدا نے خود موسیٰ کو مقدِس کی تعمیر کی تفصیلات عطا کیں۔ یہ عمارت آسمان میں موجود حقیقی مقدِس کی نقل تھی۔



## 4 صحن میں کون سا فرنیچر تھا؟

جواب:

الف۔ سوختنی قربانیوں کی قربان گاہ، جہاں جانوروں کو قربان کیا جاتا تھا، جو کہ مقدِس کے اندر دخلی دروازے کے بالکل سامنے موجود تھی (خروج 27:1-8)۔ یہ قربان گاہ مسیح کی صلیب کی نمائندگی کرتی ہے۔ جانور یسُوع کی نمائندگی کرتا ہے، یہ دارصل حتمی قربانی ہے (یوحنا 1:29)۔



ب۔ پانی کا حوض قربان گاہ اور مقدِس کے داخلی دروازے کے بیچ واقع تھا، یہ پیتل کا بنا ہوا بڑا حوض تھا۔ یہاں کاہن قربانی پیش کرنے یا پناہ گاہ میں داخل ہونے سے پہلے اپنے ہاتھ پاؤں دھوتے (خروج 30:17-21؛38:8)۔ پانی گناہ سے پاک ہونے اور نئے جنم کی نمائندگی کرتا ہے۔ (ططس 3:5)۔



## 5 مقدِس کے پاک مکان میں کونسا فرنیچر موجود تھا؟

جواب:

الف۔ نذر کی روٹیوں کی میز

(خروج 25:23-30)

جو یسُوع کو بطور زِندگی کی روٹی پیش کرتی ہے۔

(یوحنا 6:51)۔



ب۔ سات شاخوں والا شمعدان

(خروج 25:31-40) بھی یسُوع کو دُنیا کے نُور کے طور پر پیش کرتا ہے۔ (یوحنا 9:5؛1:9)۔ تیل رُوح القُدس کی نمائندگی کرتا ہے۔

(زکریا 4:1-6؛ مکاشفہ 4:5)۔



ج۔ بخور کی قربان گاہ

(خروج 30:7،8)

خُدا کے لوگوں کی دُعاؤں کی نمائندگی کرتی ہے۔

(مکاشفہ 5:8)-



## 6 پاکترین مکان میں کونسا فرنیچر موجود تھا؟

**جواب:** عہد کا صندوق، پاکترین مکان میں فرنیچر کا واحد نمونہ تھا(خروج25:10-22)، جو کیکر کی لکڑی کا ایک صندوق تھا جو خالص سونے سے اندر باہر سے منڈھا ہوا تھا۔ صندوق پر سرپوش کے اُوپر ٹھوس سونے سے کڑھے ہوئے دو فرشتے تھے۔ ان دونوں فرشتوں کے درمیان رحم کی نشست تھی(خروج25:17-22)، جہاں خُدا کی حضوری موجود رہتی تھی۔ یہ آسمان میں خُدا کے تخت کی علامت ہے، جو اُسی طرح دو کروبیوں کے بیچ جلوہ گر ہے(زبور80:1)۔



## 7 عہد کے صندوق کے اندر کیا تھا؟

**جواب:** دس احکام جنہیں خُدا نے پتھر کی دو لوحوں پر کندہ کیا تھا، تاکہ لوگ اُن احکام کی ہمیشہ تعمیل کریں(مکاشفہ 12:14)، جو عہد کے صندوق کے اندر رکھے تھے(استثنا10:4،5)۔ لیکن رحمت کی کُرسی اُن کے اُوپر تھی، جو اِس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ جب تک خُدا کے لوگوں نے اعتراف کیا اور گناہ ترک کیا(امثال 28:13)، اُن پر رحم اُس خُون کے ذریعہ بڑھایا جائے گا جو کاہن کے ذریعہ رحم کی کرسی پر چھڑکا جاتا تھا(احبار 16:15،16)۔ جانوروں کا لہو یسُوع کے خُون کی نمائندگی کرتا جو رحم کی کرسی پر چھڑکا جاتا تھا۔(متی 26:28؛ عبرانیوں 9:22)۔



## 8 مقدِس کی خدمات میں جانوروں کی قربانیاں کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟

''اور تقرِیباً سب چِیزیں شرِیعت کے مطاِبق خُون سے پاک کی جاتی ہیں اور بغَیر خُون بہائے مُعافی نہیں ہوتی۔'' (عبرانیوں 22:9)۔ ''کیونکہ یہ میرا وہ عہد کا خُون ہے جو بُہتیروں کے لئِے گناہوں کی مُعافی کے واسطے بہایا جاتا ہے۔'' (متی 28:26)۔

**جواب:** جانوروں کی قربانی لوگوں کو یہ سمجھنے میں مدد دینے کے لیے ضروری تھی کہ یسُوع کے خُون کے بہائے بغیر اُن کے گناہ کبھی معاف نہیں ہو سکتے۔ اِنتہائی خوفناک اور چونکا دینے والی حقیقت یہ ہے، کیونکہ گناہ کی مزدُوری موت ہے (رومیوں 23:6)۔ چونکہ ہم سب نے گناہ کیا ہے، ہم سب نے موت کمائی ہے۔ جب آدم اور حوا نے گناہ کیا تھا، تو وہ ایک ہی وقت میں مر چکے ہوتے بجائے اِس کے یسُوع آگے بڑھا اور تمام لوگوں کے لیے سزائے موت ادا کرنے کے لیے اپنی کامل زندگی قربان کرنے کی پیشکش کی۔ (یوحنا 16:3؛ مکاشفہ 8:13)۔ گناہ کے بعد، خُدا نے گنہگار سے جانوروں کی قربانی پیش کرنے کو کہا، (پیدائش 4:3-7)۔ تاکہ گنہگار جانور کو اپنے ہاتھ سے ذبح کریں (احبار 1:4،5)۔ یہ خونی اور دِل ہلا دینے والا عمل تھا، اور اُس نے گناہ کے خوفناک انجام (آبدی موت) اور نجات دہندہ اور متبادل کی اشد ضرورت کی سنگین حقیقت سے گنہگار کو بے حد متاثر کیا۔ نجات دہندہ کے بغیر, کوئی بھی شخص نجات کی اُمید نہیں رکھ سکتا۔ قربانی کا نظام، ذبح کردہ جانور کی علامت کے ذریعہ یہ سکھایا گیا، کہ خُدا اپنے ہی بیٹے کو اُن کے گناہوں کے عوض دے گا جو اُن کے لیے اپنی جان قربان کرے گا۔ (1۔ کرنتھیوں 3:15)۔ یسُوع مسیح نہ صرف اُن کے نجات دہندہ بنے گا، بلکہ اُن کا عوضی بھی ٹھہرے گا۔ (عبرانیوں 28:9)۔ یوحنا بپتسمہ اصطباغی یسُوع سے ملا، ''اُس نے یِسُوع کو اپنی طرف آتے دیکھ کر کہا دیکھو یہ خُدا کا برّہ ہے جو دُنیا کا گناہ اُٹھا لے جاتا ہے'' (یوحنا 29:1)۔ جو دراصل عہد نامہ قدیم کے مطابق، لوگ نجات کے لئے صلیب کے منتظر تھے۔ ''ہم نجات کے لئے وسیلے کو تلاش کرتے ہیں ''اور کسی دُوسرے کے وسِیلہ سے نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دُوسرا نام نہیں بخشا گیا جِس کے وسِیلہ سے ہم نجات پا سکیں'' (اعمال 12:4)۔






## 9 مقدِس کی خدمات میں جانوروں کو کس طرح قربان کیا جاتا تھا، اور اُس سے کیا مراد تھا؟

"اور وہ سوختنی قُربانی کے جانور کے سر پر اپنا ہاتھ رکھے تب وہ اُس کی طرف سے مقبُول ہو گا تا کہ اُس کے لئے کفّارہ ہو۔ ...اور وہ اُسے مذبح کی شمالی سمت میں خُداوند کے آگے ذبح کرے" (احبار 1:4، 11)۔

**جواب:** جب ایک گنہگار قربانی کا جانور صحن کے دروازے پر لاتا تو ایک کاہن اُسے چھری اور باسن دیے دیتا۔ گنہگار اپنے جانور کے سر پر ہاتھ رکھتا اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا۔ یہ گنہگار شخص سے جانور میں گناہ کی منتقلی کی علامت ہوتا۔ اُس وقت، گنہگار شخص کو بے قصور اور جانور کو مجرم سمجھا جاتا تھا۔ جبکہ جانور اَب علامتی طور پر مجرم نہیں ٹھہرتا تھا، بلکہ اُسے اَب گناہ کی قیمت ——موت کی شکل میں ادا کرنی پڑتی۔ اپنے ہاتھ سے جانور کو ذبح کر کے، گنہگار کو اس طرح سمعی و بصری طریقے سے سکھایا جاتا کہ گناہ معصوم جانور کی موت کا سبب بنتا ہے اور اِس طرح اُس کا گناہ معصوم مسیحا کی موت کا سبب بنے گا۔

## 10 جب پوری جماعت کے لیے قربانی کا جانور چڑھایا جاتا تھا تو کاہن کو اُس خُون کے ساتھ کیا کرنا ہوتا تھا؟ یہ کیا علامت ہے؟

"اور کاہِن ممسُوح اُس بچھڑے کے خُون میں سے کچھ خیمۂِ اِجتماع میں لے جائے۔ اور کاہِن اپنی اُنگلی اُس خُون میں ڈبو ڈبو کر اُسے پردہ کے سامنے سات بار خُداوند کے آگے چھِڑکے"۔ (احبار 4:16، 17)۔



**جواب:** جب پوری جماعت کے گناہوں کے لیے قربانی پیش کی جاتی تھی، خون کو کاہن کے ذریعے مقدِس میں لے جایا جاتا تھا، جو یسُوع کی نمائندگی کرتا تھا (عبرانیوں 3:1)، اور اُسے اُس پردے کے سامنے چھڑکتا تھا جو پاک اور پاکترین مکان کو جُدا کرتا تھا۔ خُدا کی موجودگی پردہ کے دوسری رہتی تھی۔ اِس طرح، لوگوں کے گناہوں کو ہٹا دیا جاتا اور علامتی طور پر مقدِس میں منتقل کر دیا جاتا۔ کاہن کی طرف سے خُون کی یہ خدمت آسمان میں ہمارے لیے یسُوع کی موجودہ خدمت کا پیش خیمہ تھی۔ "لیکن جب مسیح آیندہ کی اچھی چِیزوں کا سردار کاہِن ہو کر آیا تو اُس بزُرگ تر اور کامل تر خیمہ کی راہ سے جو ہاتھوں کا بنا ہُوا یعنی اِس دُنیا کا نہیں۔ اور بکروں اور بچھڑوں کا خُون لے کر نہیں بلکہ اپنا ہی خُون لے کر پاک مکان میں ایک ہی بار داخِل ہو گیا اور ابدی خلاصی کرائی" (عبرانیوں 9:11، 12)۔ زمینی کاہن کی خدمت کے ذریعہ پیش کردہ خُون یسُوع کی نمائندگی کرتا ہے جو اپنے خون کو آسمانی مقدِس میں ہمارے گناہوں کے ریکارڈ کو رکھا جاتا ہے، یہ ظاہر کرتا ہے کہ جب ہم اُس کے نام پر اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں تو وہ معاف ہو جاتے ہیں (1۔ یوحنا 1:9)۔

## 11

## مقدِس کی خدمات پر مبنی کونسی دو بڑی استعداد میں یسُوع اپنے لوگوں کی خدمت کرتا ہے؟ ہمیں اُس کی پُر محبّت خدمت گذاری سے کونسے شاندار فوائد حاصل ہوتے ہیں؟

''......کیونکہ ہمارا بھی فسح یعنی مسیح قُربان ہُوا'' (1۔ کرنتھیوں 7:5)۔ ''پس جب ہمارا ایک اَیسا بڑا سردار کاہِن ہے جو آسمانوں سے گُذر گیا یعنی خُدا کا بیٹا یِسُوع تو آؤ ہم اپنے اِقرار پر قائِم رہیں۔ کیونکہ ہمارا اَیسا سردار کاہِن نہیں جو ہماری کمزورِیوں میں ہمارا ہمدرد نہ ہو سکے بلکہ وہ سب باتوں میں ہماری طرح آزمایا گیا تَو بھی بے گناہ رہا۔ پس آؤ ہم فضل کے تخت کے پاس دِلیری سے چلیں تاکہ ہم پر رَحم ہو اور وہ فضل حاصل کریں جو ضرُورت کے وقت ہماری مدد کرے'' (عبرانیوں 4:14-16)۔

**جواب:** یسُوع ہمارے گناہوں کے لیے قربانی اور ہمارے آسمانی سردار کاہن کے طور پر کام کرتا ہے۔ ہمارے قربانی کے برّہ اور عوضی کے طور پر یسُوع کی موت، اور ہمارے آسمانی سردار کاہن کے طور پر اُس کی متواتر طاقتور خدمت، ہمارے لیے دو نا قابلِ یقین معجزات کی تکمیل کرتی ہے:

الف۔ ماضی کے تمام گناہوں کی مُعافی کے ساتھ زندگی کی ایک مکمل زندگی جسے نیا جنم کہتے ہیں۔ (یوحنا 3:3-6؛ رومیوں 3:25)۔

ب۔ موجودہ اور مستقبل میں صحیح زندگی گزارنے کی طاقت۔ (طِطس 2:14؛ فلپیوں 2:13)۔



ہماری قربانی کے طور پر، یسُوع ہمیں تمام گناہوں کی معافی کے ساتھ مکمل طور پر تبدیل شدہ زندگی مہیا کرتا ہے۔



ہمارے سردار کاہن کی حیثیت سے، یسُوع ہمیں حال اور استقبال میں صحیح زندگی گزارنے کی ہمت و طاقت فراہم کرتا ہے۔

مذکورہ دو معجزات اِنسان کو راستباز بنانے کے لیے کافی ہیں۔ جس کا مطلب ہے یہ ہے کہ اِنسان اور خُدا کے مابین ایک صحیح رشتہ قائم ہے۔ کیونکہ کسی شخص کے ذاتی اعمال کے ذریعہ (اپنی کوششوں سے) راستباز بننے کے لئے کوئی ممکنہ راستہ نہیں ہے کیونکہ صداقت کے لئے معجزات کی ضرورت ہوتی ہے جو صرف یسُوع ہی انجام دے سکتا ہے (اعمال 12:4)۔ ایک شخص نجات دہندہ پر بھروسہ کر کے اپنے لئے وہ کام کرتا ہے جس کو وہ شخصی طور پر خود بھی نہیں کر سکتا۔ یہ امر وہی ہے جس کو بائبل مقدّس کی اصطلاح میں "راست بازی بذریعہ اِیمان" سے منسُوب کیا گیا ہے۔ ہم یسُوع سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ ہماری زندگیوں کا حکمران بنے اور اُس پر بھروسہ کریں کہ وہ ضروری معجزات انجام دے گا کیونکہ ہم اُس کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہیں۔ یہ راستبازی، جو معجزانہ طور پر ہمارے لیے اور مسیح کے وسیلے سے پوری ہوئی ہے، وہی حقیقی راستبازی ہے جو موجود ہے۔ ہر دوسری قسم جعل سازی ہے۔

## 12 وہ چھ وعدے کیا ہیں جو بائبل مقدّس ہمیں یسُوع کے وسیلے عطا کردہ راستبازی دیتی ہے؟

### جواب:

الف۔ وہ ہمارے پچھلے گناہوں کو معاف کرتا ہے اور ہمیں راست باز ٹھہراتا ہے جیسے گناہ کیا ہی نہیں ہے۔ (یسعیاہ 44:22؛ 2۔ یوحنا 1:9)۔

ب۔ ابتدا میں خُدا نے ہمیں اپنی صُورت پر اپنی شبِیہ کی مانِند بنایا (پیدائش 1:26، 27)۔ یسُوع وعدہ کرتا ہے کہ وہ ہمیں دوبارہ خُدا کی شبیہ پر بحال کرے گا (رومیوں 8:29)۔

ج۔ یسُوع ہمیں راستبازی کی زندگی گزارنے کی خواہش فراہم کرتا ہے اور پھر ہمیں حقیقت میں اِس کو پورا کرنے کے لیے اپنی طاقت عطا فرماتا ہے (فلپیوں 2:13)۔


د۔ یسُوع، اپنی معجزاتی طاقت سے، ہمیں خوشی سے صرف وہی کام کرنے میں مدد دے گا جو خُدا کو خوش کرنے والے امور ہیں۔ (عبرانیوں 13:20، 21؛ یوحنا 15:11)۔

ھ۔ وہ ہمیں اپنی بے خطا زندگی اور کفارہ بخش موت کے عوض ہم پر سے موت کی سزا کو ہٹا دیتا ہے (2۔ کرنتھیوں 5:21)۔



و۔ یسُوع ہمیں وفادار رکھنے کی ذمہ داری قبول کرتا ہے۔ جب تک کہ وہ ہمیں آسمان میں واپس نہیں لے جاتا (فلپیوں 1:6؛ یہوداہ 1:24)۔

یسُوع آپ کی زندگی میں اُن تمام شاندار وعدوں کو پورا کرنے کے لئے تیار ہے! کیا آپ تیار ہیں؟



## 13 کیا کسی شخص کا ایمان سے راستباز ٹھہرنے میں کوئی کردار ہے ؟

"جو مُجھ سے اَے خُداوند اَے خُداوند! کہتے ہیں اُن میں سے ہر ایک آسمان کی بادشاہی میں داخِل نہ ہوگا مگر وُہی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے" (متی 21:7)۔

**جواب:** جی ہاں، یسُوع نے کہا کہ ہمیں اپنے باپ کی مرضی مطابق عمل کرنا چاہیئے۔ عہد نامہ قدیم کے مطابق ،ایک شخص جو واقعتا تبدیل ہوتا تھا قربانی کے لئے برّہ لاتا تھا، جس کے ذریعے وہ اپنے گناہ کے سرزد ہونے پر تائب دِل سے اعتراف کرتا اور اپنی زندگی میں خُداوند کی رہنمائی حاصل کرنے کی خواہش کرتا۔ آج، اگرچہ ہمیں راستباز بننے کے لئے معجزات ضروری نہیں ہیں، ہمیں روزانہ یسُوع کے آگے عاجزوانکسار ہونے اور اقرار کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ معجزات رُونما ہوسکیں (1۔ کرنتھیوں 31:15)۔ یسُوع سے رہنمائی حاصل کرنے اور پیروی کرنے کے لئے تیار رہنا چاہیئے (یوحنا 26:12؛یسعیاہ 1:18-20)۔ ہماری گناہ بھری فطرت ہمیں اپنی روش اختیار کرنے پر مجبور کرتی ہے (یسعیاہ 6:53) اور اِس طرح خُداوند کے خلاف بغاوت کرنے کا باعث بنتی ہے، جیساکہ شیطان نے شروع میں کیا تھا (یسعیاہ 12:14-14)۔ یسُوع کو ہماری زندگیوں پر حکمرانی کرنے کی اجازت دینا کبھی کبھی اتنا ہی مشکل ہوتا ہے جتنا کہ ایک آنکھ نکالنا یا بازو کاٹنا (متی 5:29،30)، کیونکہ گناہ ایک نشہ ہے جس کو صرف خُدا کی معجزاتی قوت ہی کے ذریعہ قابو میں لایا جاسکتا ہے (مرقس 27:10)۔ بہت سارے لوگوں کا خیال ہے کہ یسُوع اُن تمام لوگوں کے طرزِ عمل سے قطع نظر اُن کو جنت میں لے جائے گا جو محض نجات کا دعویٰ کرتے ہیں۔ لیکن ایسا نہیں ہے۔ دراصل یہ ایک دھوکہ ہے. ایک مسیحی کے لیے یسُوع کے نقشِ قدم پر چلنا ضروری ہے۔ (1۔ پطرس 21:2)۔ یسُوع طاقتور لہو ہی ہمارے لئے یہ کام انجام دے سکتا ہے (عبرانیوں 12:13)، لیکن صرف اُس صورت میں جب ہم یسُوع کو اپنی زندگیوں پر مکمل کنٹرول دیں اور اُس کی پیروی کریں جہاں وہ لے جاتا ہے ـــ چاہے راستہ دشوار ہی کیوں نہ ہو۔ (متی 7:13،14،21)۔





## 14 کفارہ کا دن کیا تھا؟

### جواب:



عزازیل کے نام کا بکرا شیطان کی نمائندگی کرتا تھا، جس پر خُدا گناہ کی پوری ذمہ داری ڈالے گا۔

الف۔ ہر سال ایک خاص مذہبی دِن کا تعین ہوتا تھا۔ جسے یوم کفارہ کا دن کہا جاتا ہے (احبار 23:27)۔ سب کو اپنے گناہوں کا اعتراف کرنا ہوتا تھا۔ اگر ہر شخص اُس دِن اپنی جان کو دُکھ نہ دے وہ اپنے لوگوں میں سے کاٹ ڈالا جائے گا۔ (احبار 23:29)۔

ب۔ اُس دِن خطا کی قُربانی کے لئے دو بکرے اور سوختنی قُربانی کے لئے ایک مینڈھا لیا جاتا تھا:۔ ایک بکرا خُداوند کے لیے ؛ جبکہ دوسرا بکرا، عزازیل کی نمائندگی کرتا تھا (احبار 16:8)۔ ''اور جِس بکرے پر خُداوند کے نام کی چھٹی نکلے اُسے ہارُونؔ لے کر خطا کی قُربانی کے لئے چڑھائے'' (احبار 16:9)۔ لیکن اس دن خون کو مقدس ترین مقام میں لے جایا جاتا اور رحم کی نشست کے سامنے اور اُس کے اوپر چھڑکا جاتا تھا (احبار 16:14)، صرف اُس خاص عدالتی دن پر سردار کاہن رحم کی کُرسی پر خُدا سے ملنے کے لیے پاک ترین مکان میں داخل ہوتا تھا۔ چھڑکا ہوا خون (یسُوع کی قربانی) کی نمائندگی کرتے ہوئے خُدا کے حضور قبول کیا جاتا، اور لوگوں کے اعتراف شدہ گناہوں کو مقدِس میں سے سردار کاہن پر منتقل کر دیا جاتا تھا۔ اُس کے بعد کاہن اُن تمام اعتراف کردہ گناہوں کو عزازیل کے بکرے پر ہاتھ رکھ کر منتقل کر دیتا، جسے بیابان میں لے جایا یا ویرانے میں چھوڑ دیا جاتا تھا۔ (احبار 16:16، 20-22)۔ لہذا اِس طریقے سے، مقدِس کو لوگوں کے گناہوں سے پاک کیا جاتا تھا، جو کہ پردے کے سامنے چھڑکے گئے خون سے وہاں منتقل ہو چکے ہوتے تھے اور ایک سال تک وہاں جمع ہو رہے تھے۔



خُداوند کا بکرا یسُوع کی نمائندگی کرتا تھا، جو ہمارے گناہوں کے خاطر اپنی جان دے گا۔

## 15 کیا یومِ کفارہ کا دن خُدا کے نجات کے عظیم منصوبے کے کسی حصّے کی علامت یا پیش خیمہ تھا، جیسا کہ زمینی مقدِس کے دیگر پہلوؤں اور اُس کی خدمات کے حوالے سے؟

"پس ضرُور تھا کہ آسمانی چیزوں کی نقلیں تو اِن کے وسِیلہ سے پاک کی جائیں مگر خُود آسمانی چیزیں اِن سے بہتر قُربانیوں کے وسِیلہ سے۔" (عبرانیوں 9:23)۔




**جواب:** جی ہاں۔ اُس دن کی خدمات آسمانی مقدِس میں حقیقی سردار کاہن کے ذریعے گناہ کو مٹانے کی طرف اشارہ کرتی تھیں۔ اُس کے بہائے گئے خون کے ذریعے اُن پر لاگو کیا گیا جن کے نام کتابِ حیات میں لکھے گئے ہیں، مسیح اپنے لوگوں کے فیصلوں کی تصدیق کرے گا کہ وہ ہمیشہ اُس کی خدمت کریں۔

یہ خصوصی عدالت کا دن، اسرائیل کے یوم کفارہ کی طرح، اِس سیارہ زمین کے لیے دیے جانے والے آخری کفارے کی پیشینگوئی کرتا ہے۔ کفارہ کے قدیم دِن کی سالانہ علامت سے، تمام انسانیت کو یقین دلایا جاتا ہے کہ ہمارا وفادار سردار کاہن، یسُوع، اَب بھی اپنے لوگوں کے لیے آسمان پر شفاعت کرتا ہے اور اُن تمام لوگوں کے گناہوں کو مٹانے کے لیے تیار کھڑا ہے جو اُس کے بہائے گئے خون پر اِیمان لاتے ہیں۔ آخری کفارہ حتمی عدالت کی طرف لے جاتا ہے، جو ہر فرد کی زندگی میں گناہ کے سوال کو حل کرتا ہے، جس کے نتیجے میں یا تو زندگی یا موت ہوتی ہے۔

### اہم واقعات

آپ اگلی دو مطالعاتی گائیڈز میں دُور رس واقعات معلوم کریں گے زمینی مقدِس کی اور خاص طور پر یوم کفارہ کی علامات جو آخری وقت کے اہم واقعات کا پیش خیمہ تھیں، جنہیں خُدا آسمانی مقدِس سے انجام دے گا۔

### فیصلے کے لئے تاریخ

اگلی مطالعاتی گائیڈ میں عدالت کی تاریخ کے حوالے سے ہم بائبل مقدّس کی ایک اہم پیشینگوئی کا جائزہ لیں گے جس میں خُدا آسمانی عدالت کے شروع ہونے کی تاریخ مقرر کرتا ہے۔ واقعی سنسنی خیز ہے!

## 16 کیا آپ اِس سچائی کو قبول کرنے پر راضی ہیں جو آپ کے لیے نئی ہو، جیسا کہ خُدا اِسے ظاہر کرتا؟

آپ کا جواب: ☐

یہاں اپنی رائے یا سوالات لکھیں۔

## یہ مطالعاتی گائیڈ نمبر 27 کی سیریز میں سے صرف ایک ہے !

اسٹڈی گائیڈ 15 مخالفِ مسیح کون ہے؟
اسٹڈی گائیڈ 16 عرش سے فرشتوں کے پیغامات
اسٹڈی گائیڈ 17 منصوبہ نجات کا آسمانی ڈھانچہ
اسٹڈی گائیڈ 18 صحیح وقت پر! نبوّتی فرمان کا ظہور
اسٹڈی گائیڈ 19 آخری عدالت
اسٹڈی گائیڈ 20 حَیوان کی چھاپ
اسٹڈی گائیڈ 21 بائبل کی پیشینگوئی میں امریکہ کا کردار
اسٹڈی گائیڈ 22 "دُوسری" عَورت
اسٹڈی گائیڈ 23 مسیح کی دُلہن
اسٹڈی گائیڈ 24 کیا خُدا نجومیوں اور نفسیات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے؟
اسٹڈی گائیڈ 25 کیا ہم خدا پر یقین رکھتے ہیں؟
اسٹڈی گائیڈ 26 ایک محبّت جو بدل دیتی ہے
اسٹڈی گائیڈ 27 پیچھے نہیں مڑنا

ہر مطالعاتی گائیڈ حیرت انگیز حقائق سے بھرپور ہے جو آپ اور آپ کے خاندان کو متاثر کریں گی۔ کسی ایک کو مت چھوڑیں!

کیا آپ نے ہماری پہلی 14 مطالعاتی گائیڈز دیکھی ہیں؟ اگر نہیں، تو ضرور لکھیں:
**Amazing Facts India, Post Box No 51, Banjara Hills, Hyderabad - 500034**

# 17 خلاصہ شیٹ

برائے مہربانی اس سمری شیٹ کو پُر کرنے سے پہلے اس سبق کو پڑھیں۔ تمام جوابات اسٹڈی گائیڈ میں مل سکتے ہیں۔
دُرست جواب کے ذریعے چیک Tick لگائیں۔ قوسین میں نمبر (1) صحیح جوابات کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔
فارم کو پُر کرنے کے لیے برائے مہربانی "Adobe Reader" استعمال کریں۔

---

**1۔** مقدِس کے صحن میں فرنیچر کے کون سے ٹکڑے تھے؟ (2)

☐ رحم کی کرسی۔
☐ حوض۔
☐ کرسیاں۔
☐ سوختنی قربانی کا مذبح۔

**2۔** رحم کی کُرسی پر خُدا کی حضوری رہتی تھی۔ (1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

**3۔** ہر جملے کو مکمل کرنے کے لیے ذیل میں ہر لفظ سے پہلے والے حروف تہجی والے حرف کو خالی جگہ پر رکھیں (نیچے مثال دیکھیں):

A صلیب B یسُوع C دھونا D دُعائیں E نور

**بطور مثال:** سوختنی قربانی کی قربان گاہ __A__ کی نمائندگی کرتی ہے۔

حوض گناہ A. کی نمائندگی کرتا ہے۔

نذر کی روٹیوں کی میز A.، زندگی کی روٹی کی نمائندگی کرتی ہے۔

سات شاخوں والا چراغدان یسُوع کی نمائندگی کرتا ہے، جو دُنیا کے A. ہے۔

بخور کی قربان گاہ خُداوند کے لوگوں کی A. کی نمائندگی کرتی ہے۔

**4۔** مقدِس اور اُس کی خدمات کا مقصد تھا کہ (1)

☐ فرشتوں کو سمجھنے میں فرشتوں کی مدد کریں۔
☐ لوگوں کے لیے گوشت کا کھانا مہیا کریں۔
☐ نجات کے منصوبے کی علامت بنائیں۔

**5۔** مقدِس کے لیے منصوبہ کس نے تیار کیا؟ (1)

☐ نوح نے ☐ ہارون نے
☐ ایک فرشتہ نے ☐ خدا

**6۔** دَس احکام تھے عہد کے صندوق کے اندر۔ (1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

**7۔** سوختنی قربانی کے ذبح شدہ جانور کی نمائندگی تھے (1)

☐ رُوح القدس ☐ یسُوع کی
☐ جنگ و جدل کی

**8۔** مقدِس کی بنیاد پر، یسُوع کن دو استعداد میں یسُوع ہماری مدد کرتا ہے؟ (2)

☐ بادشاہ ☐ سردار کاہن
☐ قربانی ☐ کائنات کا حاکم

**9۔** مندرجہ ذیل میں سے زمینی مقدِس کے حوالے سے کون سے سچ ہیں؟ (2)

☐ اس میں تین کمرے تھے۔
☐ یہ خیمے کی طرح کا ڈھانچہ تھا۔
☐ اُس کا سائز 500 فٹ X1000 ہزار فٹ تھا۔
☐ اُس کا صحن پیتل کے ستونوں اور کتان کے کپڑے سے بنا تھا۔
☐ چھت مصری ٹائل سے بنی تھی۔
☐ حوض پاک ترین مکان میں تھا۔

**10۔** راستبازی بذریعہ ایمان صرف حقیقی راستبازی ہے۔ (1)

☐ جی ہاں۔ ☐ نہیں۔

**11۔** راست بازی بذریعہ ایمان ملتی ہے (1)

☐ انسان کے اعمال سے ☐ صرف یسُوع مسیح پر ایمان لانے سے۔
☐ بپتسمہ لینے سے۔

**12۔** قربانی کا جانور جسے گنہگار لاتا تھا اُسے کون ذبح کرتا تھا؟ (1)

☐ خُدا ☐ گنہگار
☐ کاہن

اگلے صفحے پر جاری ہے۔ ◀◀

13۔ یسُوع مسیح کی پیش کردہ راست بازی کے بارے کون سے بیانات سچ ہیں؟(3)

- یہ ہمیں خُدا کی شبیہ پر بحال کرے گا۔
- یہ معجزاتی نہیں ہے۔
- ہمارے اچھے کام اِس کا ایک بڑا حصہ ہیں۔
- یہ آپ کے ماضی کے گناہوں کا احاطہ کرتا ہے۔
- یہ ہمیں صحیح زندگی گزارنے کی خواہش فراہم کرتا ہے۔
- اِس میں اُن گناہوں کا احاطہ ہوتا ہے جن کو ہم ترک نہیں کر ناچاہتے ہیں۔

14۔ کفارہ کے دن کے بارے میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا دُرست ہے؟(4)

- یہ ماہانہ ہوتا ہے۔
- یہ عدالت کا دن تھا۔
- یہ کھیل کود اور اچھی تفریح کا دن تھا۔
- یہ حتمی عدالت کی علامت تھا۔
- قربانی کا بکرا شیطان کی علامت ہے۔
- خُون پاک ترین مکان میں لے جایا جاتا تھا۔

15۔ راستبازی کا مطلب خُدا کے ساتھ ایک صحیح رشتہ ہے۔(1)

- جی ہاں۔
- نہیں۔

16۔ جانور کو ذبح کرنے سے لوگوں کو یہ سمجھنے میں مدد ملی کہ گناہ نے تمام لوگوں کے لیے سزائے موت دی ہے۔(1)

- جی ہاں۔
- نہیں۔

17۔ کیا آپ مسیح کی راستبازی کو قبول کرنے کے لیے تیار ہیں، جس میں معافی، گناہ سے پاک ہونا، اور حال اور مستقبل میں صحیح زندگی گزارنے کی طاقت شامل ہے؟

- جی ہاں۔
- نہیں۔

اُوپر دیے گئے تمام سوالات کے جوابات دینا یقینی بنائیں!

AMAZING FACTS

اندراج کے لیے اپنا نام، ای میل اور فون نمبر درج کریں۔

اپنی اگلی مفت مطالعاتی گائیڈ حاصل کرنے کے لیے "جمع کروائیں" پر کلک کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا نام: | | | | | |
| آپ کا ای میل: | | | | | |
| فون نمبر: | | | | | |
| آپ کا پتہ: | | | | | |
| شہر، ضلع: | | ریاست: | | ملک: | |
| پن: | | عمر گروپ: | | جنس: | |

جمع کروائیں

اپنے رابطے کی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں۔




www.AmazingFacts.org • www.AmazingFactsIndia.org • UrduBibleSchool@AFTV.in
© 2025 Amazing Facts International • All Rights Reserved • +91 9169164480